QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 135

کوئٹہ: 04 دسمبر 2025۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے زیر انتظام صوبہ کے تمام آپریشن سرکلز میں صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی خصوصی ہدایات پر گوادر پورٹ کے برقی ضرورت اور سسٹم کی بہتری کے پیش نظر کیسکو پراجیکٹ ڈائریکٹر (کنسٹرکشن) کی ٹیموں نے نئے فیڈروں کی تنصیب کے مختلف ترقیاتی کام مکمل کر لئے ہیں جن میں گوادر نارتھ فری زون (ون) اور گوادر نارتھ فری زون ٹو فیڈرز کے علاوہ گوادر ساؤتھ (جی پی اے) کے مزید چار 11kv فیڈرز کی تعمیر کا کام بھی شامل ہیں جسے کیسکو نے فیڈرل پی ایس ڈی پی کے تحت مکمل کرلیا ہے اور اس پر مجموعی طور پر 928 ملین روپے تخمینہ لاگت آئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے گزشتہ روز اپنے دورہ گوادر میں مکمل کردہ منصوبوں کے 2 نئے 11kV فیڈرز کا باقاعدہ طور پر افتتاح کر کے انرجائز کر دیا۔اس موقع پر کیسکو کے فنانس ڈائریکٹر محسن احسان، سپرنٹنڈنگ انجینئر (جی ایس او) سرکل انجینئر فاروق جھکرانی، ایکسیئن (آپریشن) ڈویژن حسین بخش، ایکسیئن (آر ای ڈی) کنسٹرکشن عزیز اللہ رند، ایکسیئن (جی ایس او) ایس ایس ایڈ ٹی ڈویژن گہرام گچکی کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔دریں اثناء چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے گوادر میں ڈیپ سی پورٹ، گوادر ڈور اور جیوانی گرڈ اسٹیشنوں کا دورہ کیا اور انھوں نے گرڈ اسٹیشن کے مختلف سیکشن کا بھی معائنہ کیا۔

علاوہ ازیں گوادر شہر میں مزید 11kv کے 2 فیڈروں پر ری کنڈکٹرنگ کا کام بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔اسکے علاوہ گوادر شہر کے 11kV لعل بخش اور سٹی فیڈرز پر بھی ری کنڈکٹرنگ کا کام پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن کی ٹیم تیزی سے کر رہی ہے جسے جلد مکمل کر لیا جائے گا۔اسی طرح کیسکو گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) اور گرڈ آپریشن (جی ایس او) کے ٹیموں کی جانب سے 132kv ٹرانسمیشن لائنز اور گرڈ اسٹیشنوں میں نئے تنصیبات اور برقی آلات کی انسٹالیشن بھی کئے جارہے ہیں تاکہ برقی نظام کے استحکام کے ساتھ ساتھ صارفین کو مکمل و وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

نمبر: کیسکو پی آر 136 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 04 دسمبر 2025۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن میں نصب برقی تنصیبات کی فوری نوعیت کے مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 6 دسمبر (بروز ہفتہ) صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک سٹی گرڈ کے 11Kv فیڈرز کو بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔جس میں 11kv سورج گنج بازار، اولڈ سمنگلی، پی ٹی وی، ملک پلانٹ، شہباز ٹاون، مالک، عالم خان، ایف سی ہسپتال، کیسکو، ایم ای ایس، مارک فیکٹری، کسٹم اور پی اے ایف، بروری روڈ، انٹر کنیکٹر، نواں کلی، کینٹ، اسٹیڈیم، کوئٹہ کمرشل، جناح ٹاون، جی او آر کالونی، جناح روڈ اور بی اے مال فیڈرز شامل ہیں۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔